9 اکتوبر 2013ء

عید کی تعطیلات کے دوران بینک اے ٹی ایم سروسز کی دستیابی یقینی بنائیں: اسٹیٹ بینک

اسٹیٹ بینک آف پاکستان نے تمام بینکوں کو ہدایت کی ہے کہ عید کی تعطیلات کے دوران اے ٹی ایم سروسز کی بلاتعطل دستیابی کو یقینی بنائیں۔

ماضی میں اسٹیٹ بینک طویل تعطیلات کے دوران اے ٹی ایم سروسز کی مسلسل دستیابی کے حوالے سے بینکوں کو مختلف سرکلرز/سرکلر لیٹرز جاری کر چکا ہے۔ اب آئندہ عید کی تعطیلات کے پیش نظر اسٹیٹ بینک نے پھر ہدایت کی ہے کہ تمام بینک اے ٹی ایم کے مسائل سے نمٹنے کے لیے پیشگی اقدامات کریں جن میں اے ٹی ایم میں کیش نہ ہونا، ہارڈ ویئر/سوفٹ ویئر کے مسائل، بجلی منقطع ہونا اور کنکٹی وٹی/نیٹ ورک کے مسائل شامل ہیں، ان مسائل سے متعلقہ فریقوں کے ساتھ فعال رابطہ کرکے نمٹا جائے۔

اس کے علاوہ اسٹیٹ بینک بینکوں کے متعلقہ سینئر حکام کے ساتھ اجلاس بھی کر رہا ہے تاکہ خصوصاً عید کی تعطیلات کے دوران ان کے اے ٹی ایم نیٹ ورکس کی چوبیس گھنٹے دستیابی کے حوالے سے کیے گئے اقدامات کے بارے میں فیڈ بیک حاصل کیا جا سکے۔

☆☆☆